Page 1

# گلاسگو کے لیے ری سائیکل کریں

## آپ کی نئی بن ہب کچرا جمع کرنے کی سروس

Page 2

**مشمولات**

نئی بن ہب کچرا جمع کرنے کی سروس 3

کیا بدل رہا ہے؟ 3

تبدیلی کیوں؟ 3

بلو (نیلا) بن 4

گرے (خاکستری) بن 6

فوڈ ویسٹ (کھانے کی اشیاء کے کچرے) کا بن 8

گرین (سبز) بن 9

**اضافی معلومات** 10

متبادل چابیاں 10

خراب شدہ بن کی اطلاع دیں 10

بلک ویسٹ (بڑی اشیاء کے کچرے) کو اُٹھانا 10

شیشے کے لیے عوامی ری سائیکلنگ مقامات 10

**مفید معلومات** 11

خطرناک کچرا 11

گھریلو کچرے کی ری سائیکلنگ کے مراکز 11

## نئی بن ہب کچرا جمع کرنے کی سروس

یہ کتابچہ آپ کو نئی بن ہب کچرا جمع کرنے کی سروس اور اسے کیسے استعمال کرنا ہے کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔

## کیا بدل رہا ہے؟

ہم آپ کے بیک کورٹ (پچھلے صحن) یا آپ کے مکان کے باہر فٹ پاتھ پر موجود کچرے کے تمام ڈبوں کو ہٹا رہے ہیں اور ان کو سڑک کے کنارے پر خاص طور پر تیار کردہ ایک ڈھانچے کے اندر منتقل کر رہے ہیں۔ کچرے کو ٹھکانے لگانے کا یہ نیا طریقہ کاغذ، کارڈ اور گتے کو اکٹھا کرنے کے لیے فائبر بن کی فراہمی اور نئے مواد، بشمول پلاسٹک کے برتن، ٹب، ٹرے، فلم (پتلا ورق) اور کارٹنز کو اکٹھا کرنے کے لیے کنٹینر بن کی فراہمی کے ذریعے بہتر ری سائیکلنگ فراہم کرے گا۔ کچرا اکٹھا کرنے کی تعداد میں بھی تبدیلی ہو رہی ہے اور عام کچرے کے بن ہر 4 دن بعد اور تمام ری سائیکلنگ بن ہر 8 دن بعد اکٹھے کیے جائیں گے۔ عام کچرے کے ڈبے کا ڈھکن اس بات کو یقینی بنانے کے لیے محفوظ کیا جائے گا کہ یہ صرف گھریلو استعمال کے لیے ہو اور رہائشیوں کو اس تک رسائی کے لیے ایک چابی جاری کی جائے گی۔

## تبدیلی کیوں؟

پچھلے صحنوں یا پچھلی گلیوں سے کچرے کے ڈبے اکٹھے کرتے وقت ہمارے عملے کو پیش آنے والے حفاظتی مسائل کی وجہ سے گلاسگو میں کچھ مکانوں کو اس نئی سروس کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔

کچرے کے ڈبوں کو سڑک پر منتقل کرنے سے حفاظتی مسائل حل ہوں گے جبکہ کونسل کو ٹینیمنٹس اور فلیٹس کے رہائشیوں کے لیے دستیاب ری سائیکلنگ کے اختیارات کی رینج کو وسیع کرنے کا موقع بھی ملے گا۔

کچرے کے ڈبوں کو زیادہ کثرت سے خالی کرنے سے کم شور کے ساتھ کچرے کو اکٹھا کرنے سے رہ جانے کے وقوعات اور رہائشیوں کے لیے خلل میں کمی آئے گی کیونکہ کونسل کے عملے کو اب بیک کورٹس تک رسائی کی ضرورت نہیں ہو گی۔

بیک کورٹس سے کچرے کے ڈبے ہٹانے سے رہائشیوں کو اپنے بیک کورٹس کو متبادل طور پر جیسے کھیل، تفریح یا خوراک اگانے کے لیے استعمال میں لانے کا موقع ملے گا۔

ری سائیکلنگ ہمارے ماحول کو بہتر بنانے کا ایک اہم طریقہ ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا شہر ضائع کم کرے اور ری سائیکل زیادہ کرے۔ یہ ضروری ہے کہ ہر کوئی یہ سمجھے: ری سائیکلنگ کے ڈبوں میں رکھی جانے والی اشیاء کا معیار جتنا بہتر ہوتا ہے ان اشیاء کو ری سائیکل کرنا اتنا ہی آسان ہوتا ہے اور یہ کہ آلودہ ڈبوں پر پیسہ خرچ ہوتا ہے اور اس سے لینڈ فل (یعنی زمین کی بھرائی کرنے کے ملبے) میں جانے والے کچرے میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

کونسل کی ری سائیکلنگ سروسز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:

www.glasgow.gov.uk/recycling

Page 4

**بلو (نیلا) بن**

**کاغذ، کارڈ اور گتا**

**ہر 8 دن بعد اُٹھایا جاتا ہے**

- ✓ گتے کے ڈبے - کھولے ہوئے اور پھٹے ہوئے
- ✓ اخبارات اور رسائل
- ✓ لفافے
- ✓ خطوط اور سٹیشنری
- ✓ سیریل (اناج) کے ڈبے
- ✓ تیار کھانے کے بیرونی گتے
- ✓ جنک میل (اشتہاری ڈاک) - پلاسٹک ہٹا دیا گیا
- ✓ کٹے ہوئے (شریڈڈ) کاغذ
- ✓ ٹائلٹ / کچن رول کی ٹیوبز
- ✓ بروشر (کتابچے)، کیٹلاگ، پمفلٹ
- ✓ لپیٹنے کا کاغذ (دھاتی ورق نہیں)
- ✓ پیپر بیک (گتے کی جلد والی نہیں) کتابیں

Page 5

X اس بن میں نہ ڈالیں

X نیپیز

X پولیسٹیرین

X کھانے کی اشیاء کا کچرا

X گارڈن کا کچرا

X ٹیکسٹائل (کپڑے وغیرہ)

X وبیپس

X الیکٹریکل (برقی) اشیاء-بیٹریز

X ایروسول

X کین، پلاسٹک کی بوتلیں، مشروبات اور کھانے کے کارٹن۔

X کالے بیگ اور عام کچرا

X سخت جلد والی کتابیں

X ٹشوز اور نیپکن

X لیمینیٹڈ (جس پر پلاسٹک وغیرہ کی تہہ چڑھی ہو) کاغذ

X پیڈڈ لفافہ

X گیلا کاغذ/کارڈ

**کاغذ، کارڈ اور گتے کی ری سائیکلنگ**

**کاغذ**

**ملا جلا کاغذ اور کارڈ**

**گتا**

- ✓ صاف
- ✓ خشک
- ✓ چپٹا کیا ہوا
- ✓ کھلا، بیگ میں نہیں

X پلاسٹک بیگ

**صرف رہائشیوں کے استعمال کے لیے**

X فلائی ٹپنگ نہیں X کوئی اضافی کچرا نہیں X کوئی تجارتی کچرا نہیں

گلاسگو کے لیے ری سائیکل کریں www.glasgow.gov.uk/recycling

**اہم**

**تجویز**

**برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ تمام گتا چپٹا کیا ہوا ہے**

**تاکہ یہ آپ کے بن میں فٹ ہو جائے**



**گرے (خاکستری) بن**

**پلاسٹک کی پیکیجنگ، کارٹن اور دھاتی کنٹینرز**

**ہر 8 دن بعد اُٹھایا جاتا ہے**

- ✓ مشروبات کے کین اور کھانے کی اشیاء کے ٹن
- ✓ خالی ایروسول
- ✓ صاف دھاتی ورق کی ٹرے
- ✓ مشروبات اور دودھ کی پلاسٹک کی بوتلیں ڈھکنوں کے ساتھ
- ✓ صفائی کی اشیاء یا ٹائلٹریز (بلیچ وغیرہ) کے لیے پلاسٹک کی بوتلیں
- ✓ چٹنی، میانیز (وغیرہ) کی بوتلیں
- ✓ دہی اور ہیلتھ ڈرنک (صحت بخش مشروبات) کی بوتلیں
- ✓ کھانے پینے کے برتن / ٹب / ٹرے
- ✓ پلاسٹک کے تھیلے اور فلم (مثلاً شاپنگ بیگ، بریڈ بیگ اور
- ✓ کچن / ٹائلٹ رول ریپنگ)
- ✓ کھانے پینے کی اشیاء کے کارٹن (مثلاً دودھ کے متبادل، کسٹرڈ، سوپ، پاسٹا)



**X اس بن میں نہ ڈالیں**

X دیگر دھاتی اشیاء (مثلاً برتن، پین اور کٹلری)
X چھوٹی برقی اشیاء بشمول تاریں
X بیٹریاں
X پاؤچز
X ببل ریپ
X کارٹرج (جیسے سیاہی)
X پولیسٹیرین
X ریپرز (مثلاً بسکٹ، کرسپس)
X کمپوسٹ ایبل پیکیجنگ
X پلاسٹک کی جالی
X ٹوتھ پیسٹ ٹیوب
X سخت پلاسٹک جس میں سی ڈی باکس، پلاسٹک کے کوٹ ہینگرز اور گملے

گارڈن کا فرنیچر اور بچوں کے کھلونے شامل ہیں۔،

X کرسپس کی ٹیوب

X خشک بچے کے دودھ کے پیک

**پلاسٹک کی پیکیجنگ، پلاسٹک کی بوتلوں، کھانے کی اشیاء کے ٹن، مشروبات کے کین اور کارٹن کی ری سائیکلنگ**

- ✓ خالی کیے گئے
- ✓ پلاسٹک کے بیگ
- ✓ دھوئے گئے
- X شیشے کی بوتلیں

**گھریلو پلاسٹک کی پیکیجنگ**
**پلاسٹک کی بوتلیں**
**کھانے کی اشیاء کے ٹن اور مشروبات کے کین**
**کارٹن**

**صرف رہائشیوں کے استعمال کے لیے**

X فلائی ٹپنگ نہیں X کوئی اضافی کچرا نہیں X کوئی تجارتی کچرا نہیں

گلاسگو کے لیے ری سائیکل کریں www.glasgow.gov.uk/recycling

**اہم**

**تجویز** برائے مہربانی تمام کنٹینرز کو بن میں ڈالنے سے پہلے پانی سے دھولیں۔



**فوڈ ویسٹ (کھانے کی اشیاء کے کچرے) کا بن**

**کھانے کی اشیاء کا کچرا**

**ہر 8 دن بعد اُٹھایا جاتا ہے**

- ✓ تمام پکی ہوئی اور کچی کھانے کی چیزیں بشمول ہڈیاں اور مردہ جانوروں کے جسم

- ✓ ڈیری (دودھ سے بنی ہوئی اشیاء)
- ✓ سبزیاں اور چھلکے
- ✓ بریڈ/چاول اور پاستا
- ✓ مچھلی، بشمول ہڈیاں اور خول
- ✓ ٹی بیگز (چائے کی تھیلیاں) اور کافی گراؤنڈز (استعمال شدہ کافی کے بیجوں کا مواد)
- ✓ انڈے اور انڈے کے چھلکے
- ✓ کیک اور بسکٹ
- ✓ پالتو جانوروں کی خوراک
- ✓ بچی کھچی کھانے کی اشیاء

فوڈویسٹ کیڈیز (چھوٹے بن)

اور متبادل

لائنرز (بیگ) دستیاب ہیں

یہاں سے لینے کے لیے:

Pollokshields Library,

30 Leslie Street,

Glasgow,

G41 2LF.

فوڈویسٹ

- ✓ ڈیری
- گوشت اور ہڈیاں
- پھل اور سبزیاں
- بریڈ، کیک اور پیسٹری
- مچھلی
- ٹی بیگز اور کافی گراؤنڈز

X عام کچرا

- کھانے کی اشیاء کی پیکیجنگ
- تیل
- مائعات
- پالتو جانوروں کا کچرا/جانوروں کا بستر

**صرف فوڈ ویسٹ**

**صرف رہائشیوں کے استعمال کے لیے**

X فلائی ٹپنگ نہیں X کوئی اضافی کچرا نہیں X کوئی تجارتی کچرا نہیں

گلاسگو کے لیے ری سائیکل کریں www.glasgow.gov.uk/recycling

**X اس بن میں نہ ڈالیں**

X کوئی بھی پیکیجنگ جیسے دھات، پلاسٹک، کاغذ، کارڈ یا شیشہ

(جہاں مناسب ہو انہیں ہٹا کر ری سائیکل کیا جانا چاہیے)

X مائع اور تیل

X آلودہ کچن رول



**گرین (سبز) بن**

**عام کچرا (جنرل ویسٹ)**

**ہر 4 دن بعد اُٹھایا جاتا ہے**

- ✓ ایسی اشیاء جنہیں ری سائیکل نہیں کیا جا سکتا
- ✓ پولیسٹیرین پیکیجنگ
- ✓ نیپیز
- ✓ کھانے کے کچرے کی بچی کچھی اشیاء کے ساتھ پیکجنگ جیسے پیزا باکس اور کرسپ کے پیکٹ

**X اس بن میں نہ ڈالیں**

X کوئی بھی چیز جو ری سائیکلنگ کے لیے کچرے کے دیگر ڈبوں میں جانے کے لیے ہے

**صرف عام کچرا (جنرل ویسٹ)**

اس بن میں یہ چیزیں نہیں ہونی چاہیں:

X فوڈویسٹ X ری سائیکلنگ کے قابل اشیاء

ان اشیاء کو صحیح طریقے سے ری سائیکل کرنے کے لیے اپنے فوڈویسٹ بن اور ری سائیکلنگ بن کو استعمال کریں

**صرف رہائشیوں کے استعمال کے لیے**

X فلائی ٹیپنگ نہیں X کوئی اضافی کچرا نہیں X کوئی تجارتی کچرا نہیں

گلاسگو کے لیے ری سائیکل کریں www.glasgow.gov.uk/recycling



## اضافی

## معلومات

مندرجہ ذیل پتے پر ہمارے بنز اور ری سائیکلنگ کے صفحے پر جا کر آپ بہت سی مفید معلومات حاصل کر سکتے ہیں جن میں ویڈیوز، گائیڈز اور ہدایاتی کتابچے شامل ہیں:

www.glasgow.gov.uk/recycling

## متبادل چابیاں

اگر آپ کی چابی گم ہو گئی ہے یا ٹوٹ گئی ہے تو آپ مندرجہ ذیل پتے پر جا کر ایک نئی چابی آرڈر کر سکتے ہیں:

**www.glasgow.gov.uk/streetbinhubs**

## خراب شدہ بن کی اطلاع دیں

آپ مندرجہ ذیل پتے پر خراب شدہ یا توڑ پھوڑ کیے گئے بن، بن ہب کی سائیڈ پر چھوڑے گئے کچرے
، یا کسی بن ہب کے ساتھ فلائی ٹپڈ (غلط جگہ پر پھینکے گئے) مواد کی اطلاع دے سکتے ہیں:

www.glasgow.gov.uk/streetbinhubs

بن ہب کے آخری پینل پر موجود ایک QR کوڈ کو سکین کیا جا سکتا ہے جو
کونسل کی ویب سائٹ پر ایک مخصوص صفحہ سے لنک کرے گا جہاں کسی بھی مسئلے کی

اطلاع دی جاسکتی ہے.

**بلک ویسٹ (بڑی اشیاء کے کچرے) کو اُٹھانے کی سروس**

گلاسگو سٹی کونسل فلیٹوں اور مرکزی دروازے والے مکانات کے رہائشیوں کو بلک ویسٹ اُٹھانے کے لیے ایک سروس پیش کرتی ہے اور رہائشی مندرجہ ذیل پتے پر ہمارے آن لائن فارم کو استعمال کر کے درخواست دے سکتے ہیں:

www.glasgow.gov.uk/bulkywaste

برائے مہربانی بن ہب کے پاس بڑی اشیاء نہ چھوڑیں۔

**شیشے کے لیے عوامی ری سائیکلنگ مقامات**

شیشے کی بوتلوں اور مرتبانوں کے لیے شہر بھر میں پبلک کلیکشن پوائنٹس (اکٹھا کرنے کے عوامی مقامات) کا نیٹ ورک فراہم کیا گیا ہے۔
ان مقامات کو نمایاں کرنے والا ایک نقشہ مندرجہ ذیل پتے پر کونسل کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے:

www.glasgow.gov.uk/recyclingpoints

**وہ اشیاء جو اچھی حالت میں ہیں اور ضائع کرنے کے لیے نہیں ہیں**

اگر آپ کے گھر میں کوئی بھی ایسی اشیاء ہیں جن کی آپ کو مزید ضرورت نہیں ہے اور وہ ابھی بھی اچھی حالت میں ہیں تو برائے مہربانی اپنی مقامی چیریٹی شاپس اور اپ سائیکلنگ (پرانی یا ناکارہ اشیاء سے نئی اشیاء بنانا) گروپس سے رابطہ کریں جو ہو سکتا ہے کہ انہیں لینے کے قابل ہوں یا آپ کی اشیاء مفت میں اُٹھا لیں۔ متبادل طور پر برائے مہربانی نیشنل ری یوز ٹول (دوبارہ استعمال کرنے کا قومی وسیلہ) ملاحظہ کریں:

reusetool.zerowastescotland.org.uk



**گھریلو کچرے کی ری سائیکلنگ کے مراکز (HWRC)**

ری سائیکلنگ کے کسی بھی مرکز پر آپ جن اشیاء کو ٹھکانے لگا سکتے ہیں اور ری سائیکل کر سکتے ہیں اُن کی فہرست کے لیے برائے مہربانی ویب سائٹ ملاحظہ کریں:

www.glasgow.gov.uk/hwrc

تمام HWRC سوموار سے اتوار تک صبح 8:00 بجے سے شام 6:00 بجے تک کھلے ہوتے ہیں (آخری داخلہ شام 5:45 بجے):

Dawsholm Recycling Centre
75 Dawsholm Road
Glasgow G20 0TB

Easter Queenslie Recycling Centre
90 Easter Queenslie Road
G33 4UL

Polmadie Recycling Centre
425 Polmadie Road
G42 0PJ

Shieldhall Recycling Centre
Renfrew Road
G51

برائے مہربانی نوٹ کریں کہ 1.8 میٹر سے زیادہ اونچائی والی گاڑیوں کے لیے رسائی نہیں ہے۔

**گھریلو خطرناک کچرا**

**بیٹریاں** **کمپریسڈ گیس کے کنستر** **ای سگریٹ** **ٹیلی کام اور کمپیوٹر**

اہم بات، ان اشیاء کو عام کچرے یا ری سائیکلنگ بنز میں نہیں رکھنا چاہیے:

X گھریلو اور موٹر گاڑیوں کی بیٹریاں اور ایسی اشیاء جن میں بیٹریاں ہوں مثلاً دانتوں کا برش، کھلونے، فون اور لیپ ٹاپ، لیتھیم آئن بیٹریاں

X پریشرائزڈ گیس کے کنستر جیسے NOx کنٹینرز، ہیلیم کے غباروں کے کنستر

X ای سگریٹ / ویپس

X ناکارہ الیکٹریکل اور الیکٹرانک آلات (WEEE)

برائے مہربانی نوٹ کریں کہ گھریلو خطرناک کچرے کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانے کے لیے ری سائیکلنگ کے مراکز میں لے جایا جا سکتا ہے۔



اپنے نئے بن ہب (کچرے کے ڈبوں کے مقام) کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی اپنے سمارٹ فون کو استعمال کرتے ہوئے اس QR کوڈ کو سکین کریں